نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کینولا کے نمائشی پلاٹوں کی کاشت کیلئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور 20 ستمبر 2023: پاکستان اپنی ضرورت کا قریباً 12 فیصد خوردنی تیل پیدا کرتا ہے جبکہ اس کی درآمد پر ہر سال اربوں روپے کا کثیر زرمبادلہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ تیلدار اجناس خصوصاً کینولا کی کاشت سے اس کمی کو پورا کرنے میں مدد مل سکتی ہے کیونکہ اس کا تیل اور پیداوار کا معیار عام طور پر اگائی جانے والی سرسوں سے بہت بہتر ہے۔کینولا کے تیل کو انسانی خوراک اور کھلی کو جانوروں کی خوراک کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔محکمہ زراعت پنجاب نے تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے قومی پروگرام کے تحت کینولا کی کاشت کو فروغ دینے کے لئے کے نمائشی پلاٹوں کی کاشت کیلئے بہاولنگر، بہاولپور، بھکر، ڈی جی خان، خانیوال، لیہ، لودھراں، میانوالی، ملتان، مظفر گڑھ، اوکاڑہ، رحیم یار خان، راجن پور، سیالکوٹ اور وہاڑی کے اضلاع سے تعلق رکھنے والے کاشتکاروں سے درخواستیں طلب کی ہیں۔اس ضمن میں حکومت پنجاب کی طرف سے کینولا کے فی ایکڑ نمائشی پلاٹوں کے اخراجات زیادہ سے زیادہ 20 ہزار روپے فی ایکڑ ادا کیے جائیں گے۔قرعہ اندازی کے بعد کامیاب کاشتکار محکمہ زراعت کی سفارشات کے مطابق پلاٹ کاشت کرنے کا پابند ہوگا۔اس ضمن میں صرف 12 ایکڑ تک قابل کاشت زرعی اراضی کے مالک مرد و خواتین درخواست دینے کے اہل ہوں گے جبکہ مشترکہ کھاتہ کے زمیندار بھی درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔کاشتکار درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر سے مفت حاصل کر سکتے ہیں۔فارم کی فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔مکمل درخواستیں تصدیق کے بعد متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں 25 ستمبر 2023 تک وصول کی جائیں گی جبکہ قرعہ اندازی 30 ستمبر 2023 کو ہوگی۔مزید معلومات و راہنمائی کیلئے کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر 042-99200732 پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆